نمبر : 2393

کتاب کا نام... :۔ شفاء المرض (طب الشہابی) منظوم

مصنف ........ :۔ شہاب الدین ابن عبدالکریم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز............ :۔ 23x12.5 سطور ... :۔ 17

اوراق ........... :۔ 88 کاتب .... :۔ عبدالقادر ابن محمد حنیف واعظ وذاکر

تاریخ کتابت :۔ ذی الحجہ ۱۱۹۶ھ/نومبر ۱۷۸۲ء

سال تصنیف :۔ ۷۹۰ھ / ۱۳۸۸ء خط ....... :۔ نستعلیق

زبان ........ :۔ فارسی موضوع :۔ طب

آغاز........... :۔ توحید باری تعالی۔ بسم اللہ۔

نخستین کنم نوک خامہ روان بتوحید پروردگار جہان

خداوند خلاق ارض وسما کہ نے چشم دارد نہ جان ونہ جا

مبرا از نسل است آن بے ولد صفاتش نگر قل ہو اللہ احد

اختتام ......... :۔ زفضل خداوندو............ شہاب

مرتب شد ابواب ہذا الکتاب

ترقیمہ .......... :۔ تم الکتاب المسمی بشفاء المرض المشهور باالطب الشهابی کاتبه عبد القادر ابن محمد حنیف واعظ وذاکر بتاریخ نهم روز عرفه از ماه ذی الحجه ۱۱۹۶ ہجری

حالت ............ :۔ جلد ٹوٹ چکی ہے۔ مکمل نسخہ ہے اور بعض جگہ کرم خوردہ ہے۔

نوٹ ............ :۔ تقریباً چھ سو سال پرانی اور طب کے موضوع پر لکھی گئی منظوم تصنیف کا اہم قلمی نسخہ ہے۔ یہ کتاب حمد باری تعالیٰ، نعت شریف کے علاوہ ایک سو ساٹھ (160) ابواب اور بارہ جزو پر مبنی ہے اور ہر طرح کے چھوٹے بڑے امراض کا علاج سلیس زبان میں سمجھایا گیا ہے۔ باب صدشست پنجم در کیفیت حال خویش میں لکھا گیا ہے کہ سلطان شہاب کے دور میں ناگور میں محمد ملک نامی ایک زمیندار تھے۔

اس کتاب کا ایک ناقص الطرفین قلمی نسخہ کتب خانہ قریشی (لاہور) میں بھی محفوظ ہے۔ اس میں ۶۲ صفحات ہیں البتہ مصنف کا مکمل نام اس طرح درج ہے: شہاب الدین بن عبد الکریم قوام ناگوری۔ سال تصنیف شوال ۷۹۰ھ اور کتابت تیرھویں صدی ھجری کی بتائی گئی ہے۔ کتاب کا نام شفاء المرض لکھا ہے۔ (بحوالہ: کتابیات اسلامی، فہرست مخطوطات کتب خانہ قریشی، ڈاکٹر عارف نوشاھی، مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، لاہور۔ ص:۱۳)

موجودہ نسخہ کے ورق a-۸۸ پر ترقیمہ کے بعد کاتب نے نثر میں چند اور مفید نسخے لکھے ہیں۔ مثلاً ترکیب کاجل، درد شکم، امراض چشم، یہ حصہ ناقص ہے۔ آج سے چھ سو سال پیشتر تصنیف شدہ یہ کتاب بڑی اہمیت رکھتی ہے۔

درگاہ شریف حضرت پیر محمد شاہ کتاب خانہ میں اس کتاب کا ایک ناقص نسخہ طب شہابی کے نام اور صرف دس اوراق پر مبنی موجود ہے۔ ملاحظہ فرمایئے: نمبر 1821؛ وضاحتی فہرست جلد ششم۔

طب شہابی کے عنوان سے اسی کتاب کا ایک قلمی نسخہ کتاب خانہ عمومی و آرشیو، پٹیالہ میں بھی موجود ہے۔ مصنف کا نام: شہاب الدین بن عبد الکریم غزنوی ناگوری بتایا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو فہرست کتاب خانہ عمومی و آرشیو، پٹیالہ نمبر ۶۶۔